DOMESTIC CRICKET SEASON 2020-21

نیشنل انڈر 13 ون ڈے ٹورنامنٹ میں علی حیدر اور اکرام اللہ کی سنچریاں

کراچی، 16 جنوری 2022ء:

یوبی ایل اسپورٹس کمپلیکس کراچی میں کھیلے گئے نیشنل انڈر 13 ون ڈے ٹورنامنٹ کے دوسرے راؤنڈ میں سدرن پنجاب نے علی حیدر کی ناقابل شکست سنچری کی بدولت بلوچستان کو 127 رنز سے شکست دے دی. پہلے بیٹنگ کرتے سدرن پنجاب نے مقررہ تیس اوورز میں 3 وکٹوں کے نقصان پر 213 رنز بنائے. علی حیدر نے 83 گیندوں پر 15 چوکوں کی بدولت ناٹ آؤٹ 115 رنز بنائے. بابر ارشد نے 44 رنز بنائے. جواب میں بلوچستان کی پوری ٹیم 26 اوورز میں 86 رنز پر ڈھیر ہوگئی. عبدالرحمٰن، طلال احمد اور عبداللہ لطیف نے دو دو وکٹیں حاصل کیں.

دوسری طرف کے سی سی اے اسٹیڈیم کراچی میں کھیلے گئے میچ میں خیبر پختونخواہ نے سندھ کو 71 رنز سے ہرادیا. آٹھویں نمبر پر بیٹنگ کے لیے میدان میں اترنے والے اکرام اللہ نے 69 گیندوں پر 11 چھکوں اور 4 چوکوں کی مدد سے 100 رنز کی ناقابل شکست اننگز کھیلی. عدیل خان 25 اور ذین العابدین 17 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے. کے پی نے مقررہ تیس اوورز میں 7 وکٹوں کے نقصان پر 198 رنز بنائے. محمد انس اور محمد خان نے تین تین وکٹیں حاصل کیں. جواب میں سندھ کی پوری ٹیم 127 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی. عبداللہ سینئر نے 31 رنز بنائے. اکبر علی، نوید اور نفیس اختر نے 2،2 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا.

اُدھر ایس بی پی اسپورٹس کمپلیکس کراچی میں کھیلے گئے میچ میں ناردرن نے سینٹرل پنجاب کو 27 رنز سے ہرادیا. 114 رنز کے تعاقب میں سینٹرل پنجاب کی پوری ٹیم 86 رنز پر آؤٹ ہوگئی. علی صابر 21 رنز بنا کر نمایاں رہے. محمد صہیب نے 3 اور اختر گل نے 2 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا. ناردرن نے مقررہ تیس اوورز میں 9 وکٹوں کے نقصان پر 113 رنز بنائے. اسد عبداللہ نے ناٹ آؤٹ 28 اور محمد یوسف نے 25 رنز بنائے. صیار خان نے 3 اور اسد نعیم نے 2 وکٹیں حاصل کیں.

-ENDS-

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Assistant Manager - Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

ABOUT THE PCB

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan, which was established under the Sports (Development and Control) Ordinance 1962 as a body corporate having perpetual succession with exclusive authority for the regulation, administration, management and promotion of the game of cricket in Pakistan.

The PCB operates through its own Constitution, generates its revenues, which are reinvested in the development of cricket. It receives no grants, funds or monies from either the Federal or Provincial Governments, the Consolidated Funds or the Public Exchequer.

The PCB's mission is to inspire and unify the nation by channelising the passion of the youth, through its winning teams and by providing equal playing opportunities to all.

Over the next five years, the PCB will be focusing on six key priority areas that include establishing sustainable corporate governance, delivering world-class international teams, developing a grassroots and pathways framework, inspiring generations through our women's game, growing and diversifying commercial revenue streams, and enhancing the global image of Pakistan.

The PCB also remains committed to developing ground and facility cricket infrastructure, monitoring the implementation of playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.